# جیواوراے آروائی کی نشریات پر عائد کی گئی پابندیاں فی الفور ختم کی جائیں، میڈیا سے تصادم سے گریز کیا جائے۔الطاف حسین

## حکومت صحافی برادری، کیبل آپریٹرز اور ہاکرز کوتشدد کا نشانہ بنانے کا سلسلہ بند کرائے اورانہیں جانی ومالی تحفظ فراہم کیا جائے

## ٹی وی چینلز کی بندش، کیبل آپریٹرز پر حملے، اخبارات نذرآتش کرنے اورغریب ہاکرز کوتشدد کا نشانہ بنانے کے واقعات حکومت کی بدنامی کا سبب بن رہے ہیں

## کراچی میں ٹی وی چینل اورکیبل آپریٹرز کے دفاتر پر حملے اورتوڑ پھوڑ اظہاررائے کی آزادی پرکھلاحملہ ہیں

## لاہور میں لیڈز کیبل آپریٹرز کے دفاتر پر حملے کی مذمت، صحافی برادری، کیبل آپریٹرز اور ہاکرز سے الطاف حسین کا اظہاریکجہتی

لندن۔۔۔11 اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی اورلاہور سمیت ملک کے مختلف شہروں میں جیو نیوز اوراے آروائی اورکیبل آپریٹرز کے دفاتر پر مسلح افراد کے حملے اورتوڑ پھوڑ کی شدید مذمت کی ہے اوراسے صحافت اوراظہاررائے کی آزادی پرکھلاحملہ قرار دیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج پورا پاکستان سیلاب کی تباہ کاریوں کا شکار ہے، پورے ملک میں قیامت صغریٰ مچی ہوئی ہے، ایسے میں پاکستان اور دنیا بھرکے عوام کوحالات وواقعات سے آگاہی کی اشد ضرورت ہے، ایسے میں ٹی وی چینلز کی بندش، کیبل آپریٹراور ہاکرز پر حملے انتہائی قابل مذمت ہیں۔جناب الطاف حسین نے لاہور میں لیڈز کیبل آپریٹرز کے دفاتر پر حملے کی شدید مذمت کی اور پوری صحافی برادری، کیبل آپریٹرز اور ہاکرز سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم آزادی صحافت پرمکمل یقین رکھتی ہے اورسمجھتی ہے کہ ٹی وی چینلز کی بندش، کیبل آپریٹرز پر حملے، اخبارات کی کاپیاں نذرآتش کرنے اورغریب ہاکرز کوتشدد کا نشانہ بنانے کے واقعات کوکسی بھی صورت میں درست اور جائز قرارنہیں دیا جاسکتا، ایم کیوایم سمجھتی ہے کہ میڈیا کےخلاف پیش آنے والے یہ واقعات حکومت کی بدنامی کا سبب بن رہے ہیں لہٰذا حکومت کو چاہیے کہ ٹی وی چینل کی نشریات پرکسی بھی طریقے سے عائد کی گئی پابندیاں فی الفور ختم کرائے، میڈیا سے تصادم سے گریز کیا جائے، صحافی برادری، کیبل آپریٹرز اور ہاکرز کوتشدد کا نشانہ بنانے کا سلسلہ بند کرایا جائے، انہیں جانی ومالی تحفظ فراہم کیا جائے اورصحافتی آزادی کویقینی بنایا جائے۔

☆☆☆☆☆